احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

خصوصی اشاعت

منگل 20 مارچ 2007ء

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 20 مارچ 2007ء 1428 ہجری 20 امان 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 62

بادشاہت اور حمد اسی کیلئے ہے

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نماز سے سلام پھیرنے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ بادشاہت اور حمد اسی کیلئے ہے اور وہ ہر امر پر قادر ہے۔ اے اللہ تیری عطا کو کوئی روک نہیں سکتا۔ اور جو تو روک دے وہ کوئی عطا نہیں کرسکتا اور کسی بزرگی والے کی بزرگی تیرے مقابلہ میں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء بعد الصلوٰۃ حدیث نمبر:5855)

اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس سے زندہ تعلق قائم کرنے کے متعلق حضرت مسیح موعود کے ارشادات

کیا ہی قادر و قیوم خدا ہے جس کو ہم نے پایا ہے۔ کیا ہی زبردست قدرتوں کا مالک ہے جس کو ہم نے دیکھا ہے

اے ہمارے قادر خدا تو کیا ہی بزرگ قدرتوں والا ہے

ہم نے اسے دیکھ لیا کہ دنیا کا وہی خدا ہے اس کے سوا کوئی نہیں۔ کیا ہی قادر اور قیوم خدا ہے جس کو ہم نے پایا۔ کیا ہی زبردست قدرتوں کا مالک ہے جس کو ہم نے دیکھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔ مگر وہی جو اس کی کتاب اور وعدہ کے برخلاف ہے...... جب تُو دعا کیلئے کھڑا ہو تو تجھے لازم ہے کہ یہ یقین رکھے کہ تیرا خدا ہر ایک چیز پر قادر ہے تب تیری دعا منظور ہو گی۔ اور تو خدا کی قدرت کے عجائبات دیکھے گا جو ہم نے دیکھے ہیں اور ہماری گواہی رؤیت سے ہے نہ بطور قصہ کے...... ہمارے خدا میں بیشمار عجائبات ہیں۔ مگر وہی دیکھتے ہیں جو صدق اور وفا سے اس کے ہو گئے ہیں۔ وہ غیروں پر جو اس کی قدرتوں پر یقین نہیں رکھتے اور اس کے صادق وفادار نہیں ہیں وہ عجائبات ظاہر نہیں کرتا۔

کیا بدبخت وہ انسان ہے جس کو اب تک یہ پتہ نہیں کہ اس کا ایک خدا ہے جو ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ ہمارا بہشت ہمارا خدا ہے۔ ہماری اعلیٰ لذات ہمارے خدا میں ہیں کیونکہ ہم نے اس کو دیکھا اور ہر ایک خوبصورتی اس میں پائی۔ یہ دولت لینے کے لائق ہے اگرچہ جان دینے سے ملے اور یہ لعل خریدنے کے لائق ہے۔ اگرچہ تمام وجود کھونے سے حاصل ہو۔ **اے محرومو! اس چشمہ کی طرف دوڑو۔ کہ وہ تمہیں سیراب کرے گا۔ یہ زندگی کا چشمہ ہے جو تمہیں بچائے گا۔ میں کیا کروں اور کس طرح اس خوشخبری کو دلوں میں بٹھادوں۔ کس دف سے میں بازاروں میں منادی کروں کہ تمہارا یہ خدا ہے تا لوگ سن لیں۔ اور کس دوا سے میں علاج کروں تا سننے کیلئے لوگوں کے کان کھلیں۔** (کشتی نوح روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 20 تا 22)

جب میں ان بڑے بڑے اجرام کو دیکھتا ہوں اور ان کی عظمت اور عجائبات پر غور کرتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ صرف ارادۂ الٰہی سے اور اس کے اشارہ سے ہی سب کچھ ہو گیا۔ تو میری روح بے اختیار بول اٹھتی ہے کہ اے ہمارے قادر خدا تو کیا ہی بزرگ قدرتوں والا ہے۔ تیرے کام کیسے عجیب اور وراء العقل ہیں۔ نادان ہے وہ جو تیری قدرتوں سے انکار کرے...... ہمارا زندہ حی و قیوم خدا ہم سے انسان کی طرح باتیں کرتا ہے۔ ہم ایک بات پوچھتے اور دعا کرتے ہیں تو وہ قدرت کے بھرے ہوئے الفاظ کے ساتھ جواب دیتا ہے۔ اگر یہ سلسلہ ہزار مرتبہ تک بھی جاری رہے۔ تب بھی وہ جواب دینے سے اعراض نہیں کرتا۔ وہ اپنے کلام میں عجیب در عجیب غیب کی باتیں ظاہر کرتا ہے اور خارق عادت قدرتوں کے نظارے دکھلاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ یقین کرا دیتا ہے کہ وہ وہی ہے جس کو خدا کہنا چاہئے۔ دعائیں قبول کرتا ہے۔ اور قبول کرنے کی اطلاع دیتا ہے وہ بڑی بڑی مشکلات حل کرتا ہے اور جو مُردوں کی طرح بیمار ہوں ان کو بھی کثرت دعا سے زندہ کر دیتا ہے اور یہ سب ارادے قبل از وقت اپنے کلام سے بتلا دیتا ہے۔ خدا وہی خدا ہے۔ جو ہمارا خدا ہے۔

(نسیم دعوت روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 425و448)

خدا تعالیٰ جو ہمارا خدا کہلاتا ہے اس کی خدائی کی اصل حقیقت ہی یہی ہے کہ وہ ایک مبدء فیض وجود ہے جس کے ہاتھ سے وہ سب وجودوں کا نمود ہے اسی سے اس کا استحقاق معبودیت پیدا ہوتا ہے اور اسی سے ہم بخوشی دل قبول کرتے ہیں کہ اس کا ہمارے بدن و دل و جان پر قبضہ استحقاقی قبضہ ہے کیونکہ ہم کچھ بھی نہ تھے اسی نے ہم کو وجود بخشا۔ پس جس نے عدم سے ہمیں موجود کیا وہ کامل استحقاق سے ہمارا مالک ہے۔ (شحنۂ حق روحانی خزائن جلد 2 صفحہ 428)

غرض اس قسم کی ناپاک زندگی جو حقیقت میں گناہ کی لعنت ہے وہ عام ہو رہی ہے اور وہ پاک زندگی جو گناہ سے بچ کر مِلتی ہے۔ وہ ایک لعلِ تاباں ہے جو کسی کے پاس نہیں ہے ہاں۔ خدا تعالیٰ نے وہ لعلِ تاباں مجھے دیا ہے اور مجھے اس نے مامور کیا ہے کہ میں دنیا کو اس لعلِ تاباں کے حصول کی راہ بتا دوں۔ اس راہ پر چل کر میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہر ایک شخص یقیناً یقیناً اس کو حاصل کرلے گا اور وہ ذریعہ اور وہ راہ جس سے یہ ملتا ہے ایک ہی ہے جس کو خدا کی سچی معرفت کہتے ہیں۔ درحقیقت یہ مسئلہ بڑا مشکل اور نازک مسئلہ ہے، کیونکہ ایک مشکل امر پر موقوف ہے۔ فلاسفر جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے آسماں اور زمین کو دیکھ کر اور دوسرے مصنوعات کی ترتیب ابلغ و محکم پر نظر کر کے صرف اتنا بتاتا ہے کہ کوئی صانع ہونا چاہئے، مگر میں اس سے بلند تر مقام پر لے جاتا ہوں اور اپنے ذاتی تجربوں کی بناء پر کہتا ہوں کہ خدا ہے۔ (ملفوظات جلد 2 صفحہ 12)

تمام مخلوقات اجرامِ فلکی سے لے کر اَرضی تک اپنی بناوٹ ہی میں عُبودیت کا رنگ رکھتی ہیں۔ ہر پتّے سے یہ پتہ ملتا ہے اور ہر شاخ اور آواز سے یہ صدا نکلتی ہے کہ اُلوہیّت اپنا کام کر رہی ہے۔ اس کے عمیق در عمیق تصّرفات جن کو ہم خیال اور قوت سے بیان نہیں کر سکتے، بلکہ کامل طور پر سمجھ بھی نہیں سکتے۔ اپنا کام کر رہے ہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ (......البقرہ:256) اللہ تعالیٰ ہی ایک ایسی ذات ہے جو جامع صفات کاملہ اور ہر ایک نقص سے منزّہ ہے۔ وہی مستحق عبادات ہے۔ اسی کا وجود بدیہی الثبوت ہے۔ کیونکہ وہ حیّ بالذّات اور قائم بالذّات ہے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 72)

اللہ تعالیٰ اس امت کے لئے ہر صدی کے سر پر ایسے لوگ کھڑا کرتا رہے گا جو اس کے دین کی تجدید کرتے رہیں گے (حدیث نبویؐ)

معروف مجددین امت محمدیہ۔ تعارف اور خدمات

پہلی صدی نبوت اور خلافت کی صدی ہے۔ بعد کی ہر صدی میں سے ایک بزرگ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ 12 صدیوں کے 12 ستارے

عبدالسمیع خان

صدی	نام ونسب	زمانہ سن ہجری	علاقہ	تصانیف	مقام واہم خدمات
دوسری	حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ آپ کی والدہ ام عاصم حضرت عمرؓ کی پوتی تھیں۔	61 تا 101ھ زمانہ حکومت 99 تا 101ھ	حمص (شام) حکومت دمشق	تدوین حدیث کے لئے خصوصی کوشش کی اور ذخیرہ روایات قلمبند کرنے کے لئے حکومتی سطح پر کارروائی کی۔ اور اس مقصد کے لئے علماء کے وظائف مقرر کئے۔	واحد مجدد جو اسلامی حکومت کے سربراہ بھی تھے۔ بعض کے نزدیک خلیفہ راشد بھی ہیں۔ بدرسومات کو ختم کیا۔ ہندوستان کے سات راجاؤں کو اسلام کی دعوت دی۔
تیسری	حضرت امام شافعیؒ ابوعبداللہ محمد بن ادریس	150 تا 204ھ	پیدائش: غزہ (فلسطین) وفات: فسطاط (مصر)	71 کتب ہیں۔ کتاب الام ۔ احکام القرآن۔ اختلاف السنن۔ کتاب المبسوط۔ صفۃ الامر والنہی۔ سیرالاوزاعی۔ ابطال الاستحسان	فقہ اسلامی کے مشہور امام۔ امام احمد بن حنبل آپ کو حدیث مجددین کا مصداق قرار دیتے ہیں۔ خواب میں رسول اللہ نے احیائے دین کی خدمت کی بشارت دی۔ علم اصول فقہ کی بنیاد ڈالی۔
چوتھی	حضرت ابوالحسن اشعریؒ علی بن اسماعیل آپ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی نسل سے ہیں	202 تا 324ھ	پیدائش: بصرہ وفات: بغداد	100 کے قریب کتب۔ مقالات الاسلامیین۔ الفصول۔ کتاب الاجتہاد	امام المتکلمین اور ناصر سنت لقب ہے۔ معتزلہ کے خلاف قلمی سرگرمیاں
پانچویں	حضرت ابوبکر باقلانیؒ محمد بن طیب بن جعفر	338 تا 403ھ	پیدائش: بصرہ وفات: بغداد	55 کتب ہیں۔ اعجاز القرآن۔ کتاب الاصول۔ کتاب الانصاف۔ کشف الاسرار۔ دقائق الکلام۔ کتاب الامامہ۔ کتاب البیان	ابوالحسن اشعری کے کام کو آگے بڑھایا۔ معتزلہ کے خلاف قلمی جہاد۔ قسطنطنیہ کے پادریوں سے مناظرے کئے
چھٹی	حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ حضرت علیؓ کی نسل سے ہیں	470 تا 561ھ	بغداد	فتوح الغیب۔ الفتح الربانی۔ سرالاسرار۔ الفیوضات الروحانیہ۔ تحفۃ المتقین ۔ جلاء الخاطر۔ آداب السلوک۔ حزب الرجاء۔ غنیۃ الطالبین	کان مجدد زمانہ (حمامۃ البشریٰ)۔ آپ نے فرمایا میں نائب رسول اور آپ کا وارث اور تم پر حجت ہوں۔ میرا قدم ہر ولی کی گردن پر ہے۔ رسول اللہ اور حضرت علی نے خواب میں وعظ کی ہدایت فرمائی۔ شرک کے خلاف جہاد کیا۔
ساتویں	حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری حسنی حسینی سید ہیں	536 تا 633ھ	سیستان، خراسان وفات: اجمیر شریف	دیوان معین، گنج الاسرار، انیس الارواح، احادیث المعارف، رسالہ وجودیہ، دلیل العارفین (ملفوظات)	ہندوستان کے نامور مبلغ اسلام۔ روحانی علوم کے 4 ائمہ میں سے ہیں۔ (حضرت مصلح موعود)۔ لقب سلطان الہند۔ رسول اللہ نے ہندوستان میں تبلیغ کا ارشاد فرمایا۔
آٹھویں	حضرت امام ابن تیمیہؒ ابوالعباس احمد بن شہاب	661 تا 728ھ	دمشق	400 کتب ہیں۔ الرد علی البکری۔ الرد علی الفلاسفۃ۔ التبیان۔ رسالۃ القیاس۔ رسالۃ الفرقان	تاتاریوں کے خلاف جہاد بالسیف کیا۔ علم کلام اور فقہ میں خاص خدمات۔ فلسفہ اور قبر پرستی کا رد کیا۔
نویں	حضرت امام ابن حجر عسقلانیؒ ابوالفضل شہاب الدین احمد بن علی	773 تا 852ھ	مصر	500 کتب ہیں۔ فتح الباری۔ بلوغ المرام۔ منبہات ابن حجر۔ تہذیب۔ التہذیب	محدث، مفسر تھے۔ لقب حافظ حدیث۔ حدیث اور فقہ پر خاص دسترس رکھتے تھے۔
دسویں	حضرت امام جلال الدین السیوطیؒ ابوالفضل محمد الشافعی	849 تا 911ھ	قاہرہ (مصر)	576 کتب ہیں۔ درمنثور۔ الجامع الصغیر۔ الخصائص الکبری۔ تاریخ الخلفاء۔ مشکلات القرآن	مجدد ہونے کا دعویٰ تھا۔ علم تفسیر وحدیث میں کمال حاصل تھا۔
گیارہویں	حضرت مجدد الف ثانیؒ شیخ احمد فاروقی سرہندی	971 تا 1034ھ	سرہند (ہندوستان)	مکتوبات مجدد الف ثانی۔ معارف لدنیہ۔ مبدأ و معاد	اکبر کے دین الٰہی اور جہانگیر کی بدرسوم کے خلاف مزاحمت کی۔ مجدد ہونے کا دعویٰ کیا۔ مسیح موعود کی مخالفت کی پیشگوئی کی۔
بارہویں	حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی۔ عظیم الدین شاہ حضرت عمرؓ کی نسل سے تھے۔	1114 تا 1176ھ	دہلی (ہندوستان)	25 کتب ہیں۔ التفہیمات الالٰہیہ۔ الفوز الکبیر۔ حجۃ اللہ البالغۃ۔ الخیر الکثیر ۔ فیوض الحرمین۔ ازالۃ الخفا	پہلا ترجمہ قرآن بزبان فارسی کیا۔ عقیدہ ناسخ منسوخ کو 5 آیات تک پہنچایا۔ مجددیت کا دعویٰ کیا۔
تیرہویں	حضرت سید احمد شہید بریلویؒ	1201 تا 1246ھ	پیدائش: رائے بریلی (ہندوستان) شہادت: بالاکوٹ	تنبیہ الغافلین ۔ صراط مستقیم ملہمات احمدیہ فی الطریق المحمدیہ	امامت کا دعویٰ کیا۔ بدعات کے خلاف تعلیم دی۔ سکھوں کے خلاف جہاد بالسیف کیا۔ شہید مجدد ارہاص حضرت مسیح موعود

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/8 روپے

تبرکات

حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ

میرا دل ان یادوں سے کبھی بھر نہیں سکتا۔ نیک خصائل پاک شمائل

ذکر حبیب۔ سیرت مسیح موعود کے عینی مشاہدات

آج مجھے پھر اپنی پیاری بہن اور بھاوج مریم صدیقہ کے اصرار پر آپ کی خدمت میں حاضر ہونا پڑا۔ میرا خیال تھا کہ چند روایات ہی تو ہیں جن میں سے اکثر گھریلو باتوں یا بھائیوں اور خود اپنی ذات سے تعلق رکھتی ہیں۔ اہم تو تھوڑی ہی ہوں گی۔ ایک دو الفضل میں شائع ہو چکی ہیں اور کافی پہلے بھی لکھی یا کہی جا چکی ہیں۔ چونکہ انہوں نے کہا کہ اکثر نئے لوگ بھی تو ہوتے ہیں ان کو پرانی باتیں سنانے میں کیا ہرج ہے۔ بے شک تکرار ہو جائے کوشش تو کی ہے کہ تکرار نہ ہو۔ مگر اس وقت کاپی یادداشت کی بھی دیکھ نہ سکی جلدی میں۔ اب جو کچھ میرے پاس باقی ہیں انشاء اللہ تعالیٰ بشرط توفیق وحیات پھر کبھی۔ یہ جو بھی ہے سرسری بہت جلدی میں لکھ دیا ہے اور خود میرے دل سے پوچھئے تو میرے لئے اس ذکر حبیب اور ان یادوں میں ہر دم تازہ لذت وسرور ہے۔ میرا دل اس ذکر، ان یادوں اور ان تصورات سے کبھی بھر نہیں سکتا۔ میرے دل میں حضرت مسیح موعود کی بات بیان کرتے ہوئے یہ جوش پیدا ہوتا ہے کہ کاش جس طرح میں آج بھی آپ کا روشن چہرہ، آپ کی ہر حرکت گویا اس وقت بھی دیکھ رہی ہوں اور آپ کی آواز میرے کانوں سے دل میں اتر رہی ہے۔ کوئی طریقہ ایسا ہوتا کہ میں اپنی آنکھوں سے آپ کو دکھا سکتی۔ خیر آپ کی سیرت کا نقشہ آپ کی وہ تعلیم ہے جو آپ کی کتب، آپ کے مبارک خلفاء آپ کو دکھاتے رہے ہیں اور اب بھی ایک خاص مبارک وجود آپ کو دکھا رہا ہے۔ مگر اس دیکھنے کے لئے روحانی آنکھوں کی ضرورت ہے۔ خدا آپ سب کو توفیق بخشے۔ ہر گھڑی نور ایمان زیادہ ہو۔

آپ نے بچپن سے مجھ پر بے حد شفقت فرمائی حتیٰ کہ حضرت اماں جان بھی مناسب تربیت کے لئے کچھ کہتی تھیں تو آپ ان کو بھی روکتے تھے کہ اس کو کچھ نہ کہو ہمارے گھر چند روزہ مہمان ہے۔ یہ ہمیں کیا یاد کرے گی۔ میں چھوٹی تھی تو رات کو اکثر ڈر کر آپ کے بستر میں جا گھستی۔ جب ذرا بڑی ہونے لگی تو آپ نے فرمایا کہ جب بچے بڑے ہونے لگتے ہیں (اس وقت میری عمر کوئی پانچ سال کی تھی) تو پھر بستر میں اس طرح نہیں آ گھسا کرتے۔ میں تو اکثر جاگتا رہتا ہوں۔ تم چاہے سو دفعہ مجھے آواز دو میں جواب دوں گا اور پھر تم نہیں ڈرو گی۔ اپنے بستر سے ہی مجھے پکار لیا کرو۔ پھر میں نے بستر پر کود کر آپ کو تنگ کرنا چھوڑ دیا۔ جب ڈر لگتا پکار لیتی۔ آپ فوراً جواب دیتے۔ پھر خوف اور ڈر لگنا ہی ہٹ گیا۔ میرا پلنگ آپ کے پلنگ کے پاس ہی ہمیشہ رہا بجز چند دنوں کے، جب مجھے کھانسی ہوئی تو حضرت اماں جان بہلا پھلسا کر ذرا دور بستر بچھوا دیتی تھیں کہ تمہارے ابا کو تکلیف ہوگی۔ مگر آپ خود اٹھ کر سوتی ہوئی کا میرا سر اٹھا کر ہمیشہ کھانسی کی دوا مجھے پلاتے تھے۔ آخری شب بھی جس روز آپ کا وصال ہوا میرا بستر آپ کے قریب بالکل قریب ہی تھا کہ بس ایک آدمی ذرا گزر سکے۔ اتنا فاصلہ ضرور ہوتا۔ مگر اس وقت کی تفصیل لکھنے کی اس وقت طاقت نہیں پاتی۔

ایک بار میرے چھوٹے بھائی صاحب حضرت مرزا شریف احمد نے وہ بھی آخر بچہ ہی تھے۔ اصرار کیا کہ میرا پلنگ بھی ابا کے قریب بچھا دیں میں نے اپنی جگہ چھوڑنا نہیں مانا۔ حضرت اماں جان نے کہا یہ ہمیشہ پاس لیٹتی ہے کیا ہو گیا۔ آخر شریف کا بھی دل چاہتا ہے۔ اگر دو دن یہ اپنی ضد ذرا چھوڑ دے بھائی کو لیٹنے دے تو کیا ہرج ہو جائے مگر حضرت مسیح موعود نے فرمایا نہیں یہ لڑکی ہے اس کا دل رکھنا ضروری ہے۔ حالانکہ حضرت اماں جان کی خاطر آپ کو بہت عزیز رہتی تھی۔ حضرت اماں جان چھوٹے بھائی صاحب کو لے کر اس رات ان کی دلجوئی کے لئے خود بھی بیت الدعاء میں زمین پر ان کو ساتھ لے کر سوئیں میرا بستر وہیں رہا۔ لیکن مجھے یاد ہے کہ اس بات پر پھر میرا دل بھی دکھا اور ندامت محسوس ہوئی۔ آپ لیٹے ہوتے تھے میں دیکھتی جب آنکھ کھلتی آپ کے لب مبارک ہل رہے ہیں اور اکثر آپ اٹھتے اور کاپی پر جو الہامات لکھتے۔ لکھتے دیکھ کر میں سمجھ جاتی تھی کہ الہام ہوا ہے۔ آپ کی ہلکی ہلکی آواز مجھے یاد ہے کہ کثرت سے سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم آپ پڑھتے رہتے تھے۔

مجھے خوشی ہے کہ اپنی عمر کے کم از کم 9 سال راتوں اور اکثر دن کا حصہ بجز کھیلنے اور پڑھنے کے اوقات کے آپ کا قرب مجھے حاصل رہا اور صد ہزار احسان ہے میرے پیارے میرے محسن خدا کا کہ مجھے اکثر باتیں اور خصوصاً آپ کا نورانی چہرہ مبارک، آپ کا سونا، آپ کا جاگنا، آپ کا ٹہلنا، لکھنا، نماز پڑھنا، چلنا پھرنا، طرز تکلم، بہت صفائی سے یاد رہا۔ میرے دل میں جو ہر وقت آپ کی یاد رہی۔ اس نے مجھے بھولنے نہیں دیا۔ اس وقت بھی میں گویا آپ کو دیکھ رہی ہوں۔

ع

وہ چل رہے ہیں وہ پھر رہے ہیں وہ آ رہے ہیں وہ جا رہے ہیں

میں بڑی خوشی سے آپ کو دبایا بھی کرتی تھی۔ ایک بار آپ بہت تکان محسوس کر رہے تھے فرمایا میری سوٹی پکڑ کر میری رانوں پر کھڑی ہو کر دباؤ۔ میں کھڑی ہو گئی۔ تو آپ نے میرے پاؤں اپنے ہاتھ سے پکڑ کر درست کئے کہ جب کھڑے ہو کر اس طرح دباتے ہیں تو پاؤں ٹیڑھے رکھتے ہیں۔ یعنی ایک پنجہ ادھر ایک ادھر اس سے ایڑی کا دباؤ تکلیف نہیں دیتا۔

اور دوسروں کی خدمت سے بھی آپ خوش ہوتے۔ ایک ضعیفہ مائی تابی نام ہمارے گھر میں رہا کرتی تھیں۔ دائمی سر درد کی مریضہ تھیں۔ آپ ان کا بہت خیال رکھتے۔ دوائیں بھی دیتے اور بادام کا شیرہ ان کو پلواتے۔ میں مائی تابی کا شیرہ رگڑ رگڑ کر اکثر اس کو پلاتی تو بہت دعائیں دیا کرتی تھی اور مجھے احساس تھا کہ آپ بھی میرے اس کام سے خوش ہوں گے۔

مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم آپ کے محبوب (رفیق) تھے۔ ان کی وفات کے بعد ان کی بیوی کا جن کو سب مولویانی کہتے تھے آپ نے بہت خیال رکھا۔ ان کی بہت دلداری فرماتے وہ مجھے بہت چاہتی تھیں۔ میں ان سے بہت مانوس تھی۔ آپ کبھی فرماتے کہ تم نے مولویانی کو بھی لتاڑا وہ بھی ٹانگوں پر کھڑا کر کے دبواتی تھیں اور اس کو لتاڑنا کہا کرتی تھیں۔ میں آپ کے اتنا کہنے پر بڑی خوشی سے مولویانی کو خوب لتاڑا کرتی وہ میرا ہاتھ پکڑے رکھتیں کہ گر نہ جائے۔

کبھی آپ حضرت اماں جان کے فرمانے پر کہ لڑکیوں کی اتنی ناز برداری ٹھیک نہیں ہوتی۔ لڑکیوں کی قسمت کی کیا خبر آپ مسکرا کر فرماتے:

''خدا شکر خورے کو شکر دیتا ہے تم فکر نہ کرو''

ایسا کئی بار میرے سامنے فرمایا میں پیسے مانگتی تو جو پہلی بار ہاتھ میں آ جاتا پکڑا دیتے جو اکثر میری طلب سے زیادہ ہوتا تھا۔ آپ فرماتے کہ تمہاری قسمت ہے۔ تھوڑا مانگتی ہو بہت ہاتھ میں آ جاتا ہے۔ اب یہی لو میں واپس کیوں رکھوں۔ ایک بار میں نے دو آنے مانگے روپیہ نکالا اور فرمایا مانگے دو آنے نکل آیا روپیہ یہ تو تمہاری قسمت ہے۔ اس دن صحن میں (بڑی بھابی جان والے) ٹہل رہے تھے۔

میں بالکل چھوٹی تھی گرمیوں کے دوپہر میں ہم سب نیچے کے کمروں میں رہا کرتے تھے۔ بلکہ سردی کی راتیں بھی مجھے ان کمروں میں سونا یاد ہے پھر پلیگ جب ملک میں پھیلی تو آپ نے نیچے کی رہائش ترک کر دی تھی۔ میں نے کہا مجھے لیچیاں دیں مگر قادیان میں ہر چیز کہاں ملتی اور نہ ابھی تک کہیں باہر سے آئی تھیں۔ حضرت اماں جان نے فرمایا اس کی باتیں تو دیکھیں بے وقت لیچیوں کی فرمائش اب کر رہی ہے۔ میں خفا سی ہو کر دوسرے کمرے میں جا کر لیٹ رہی اور سو گئی۔ وہ کمرہ تھا جو ہمارے قادیان والے گھر کے صحن میں داخل ہو کر بائیں ہاتھ ایک برآمدہ اور پیچھے کمرہ ہے۔ اس کے ساتھ ہی گول کمرہ ہے۔ مگر آپ کو کیا سمجھ میں آئے گا۔ سوتے سوتے میری آنکھ کھلی تو آپ مجھے دونوں ہاتھوں پر اٹھائے لئے جا رہے تھے۔ جا کر مجھے گود سے اتار کر بھرے ہوئے لیچیوں کے ٹوکرے کے پاس بٹھا کر کہا لو کھاؤ اور حضرت اماں جان سے فرمایا کہ دیکھو چیز یہ مانگتی ہے۔ اللہ تعالیٰ بھیج دیتا ہے۔ خدا تعالیٰ مجھے دعاؤں کی توفیق بخشتا رہے اور میری دعاؤں کو اپنی رحمت وکرم کے واسطے سے قبولیت کا شرف بخشے وہ تو بچپن تھا۔ معصومیت کا زمانہ تھا۔

میری یاد کا زمانہ حضرت مسیح موعود کی نسبتاً کمزوری کا زمانہ تھا جیسے اکثر روزے سے معذوری۔ مجھے ایک دفعہ سحری کھانا آپ کا یاد ہے۔ دوران سر کے وقت بیٹھ کر نماز ادا کر لینا یا آخری ایام میں اکثر ضعف کی وجہ سے مغرب وعشاء کی نمازیں اندر زنانہ میں باجماعت ادا فرما لینا مگر باوجود اس کے آپ کے کاموں میں کبھی سستی یا رکاوٹ نظر نہیں آئی۔ وقت میں اتنی برکت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی تھی کہ اب سوچ کر حیرت ہوتی ہے کہ وہ چوبیس گھنٹہ کے شب وروز تھے کہ 48 گھنٹہ سے بھی زیادہ تھے۔ دن بھر بیٹھ کر بھی لکھنا اور ٹہل کر بھی لکھنا۔ آپ زیادہ تر تحریر فرماتے اور ٹہلتے جاتے۔ ایک اونچی تپائی پر دوات رکھی رہتی۔ نب ٹیڑھی نوک کا باریک ہوتا تھا۔ چلتے چلتے ہولڈر ڈبو لیتے اور لکھتے رہتے۔ اسی میں دوسروں کی بات بھی سننا، جواب بھی دینا، لوگوں کو دوا دارو بھی دینا اور پھر وہی روانی۔ آپ کا قلم گویا خدائے کریم کے ہاتھ میں تھا۔ کوئی دوسرا ہو تو ذرا سی گڑبڑ میں سب کچھ بھول جائے۔ مضمون ہی خبط ہو جائے۔ مگر وہ تو اللہ تعالیٰ کا نور تھے۔ تمام طاقتیں سب کام وہی اپنے کرم سے کروا رہا ہوتا تھا۔ پھر ڈاک بھی تمام دیکھنا، لنگر کا بوجھ الگ، مہمانوں کا فکر الگ کہ کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔ کوئی کھانے وغیرہ میں کمی نہ رہ جائے۔ کسی قسم کی کسی کو بے آرامی نہ ہو۔ دوستوں سے ملاقاتیں بھی تھیں۔ لمبی سیر کو باہر بھی جاتے۔ زبانی نصائح اور روحانیت کے خزانے بھی لٹائے جاتے تھے ہر مجلس میں۔ اتنی مصروفیت پھر اس قدر زیادہ غم (دین) کا بار کاندھوں پر اپنے مشن یعنی جو کام اللہ تعالیٰ نے آپ کے سپرد کیا تھا اس کی اہمیت کا اندازہ اس ذمہ داری کا احساس خود آپ سے بڑھ کر کس کو ہو سکتا تھا۔ ہر وقت کام اور عشق صادق کا کام، ایمان کامل کا کام۔ حق الیقین ہے کہ میں مقرر کردہ ہوں خدائے برتر کا۔ مجھے اس نے اس خدمت کے لئے بھیجا ہے۔ پھر سوچنا چاہئے کہ ایک عالم کو نیا عالم بنا دینے کی ذمہ داری جس کے سپرد کر دی گئی اس پر کتنا بار نہ ہوگا؟ باوجود اس ایمان کے کہ میرا مولا ہر قدم پر میرا معین و نصیر ہے۔ پھر بھی جس کو جتنا ایمان ویقین ہو اتنا ہی احساس فرض وذمہ داری بھی زیادہ اور اتنی ہی تڑپ سے لگن ہوتی ہے کہ میرے مولا، میرے حبیب، میرے مالک، میرے خالق کا منشاء احسن طریق سے

اور کامل طور پر پورا ہو جائے۔

اس پر آپ تھے کہ دل بھی یار میں اور ہاتھ بھی کار دوست میں۔ دماغ بھی اسی کے تصور میں اسی کے عشق میں محو۔ پھر بھی اس کے مقرر کردہ حقوق احسن طریق اور بشاشت سے ادا فرمائے جاتے ہیں۔ بچوں پر شفقت، ان کی ناز برداری مہمانوں اور اپنے پروانوں کا جو اپنے گھر بار ترک کر کے اس شمع فروزاں کے گرد جمع تھے۔ ہر وقت ہر صورت خیال رکھنا، دیکھنے والوں کو صاف نظر آ رہا تھا کہ یہ خدا تعالیٰ کی بخشی ہوئی بہت خاص طاقت کام کر رہی ہے۔

واقعی وہ ایک نور تھا سراپا نور۔ میں تو سمجھ ہی نہیں سکتی کہ جس نے وہ چہرہ دیکھا وہ پھر احمدیت کو ترک کیسے کر سکتا ہے؟ اور اس کے ایمان و عقائد میں خلل کیسے آ سکتا ہے؟ بجز اس کے کہ ایسے شخص کی روح (خدا تعالیٰ ہم سب کو محفوظ رکھے) کسی خاص وجہ سے عذاب الٰہی کی مستحق ہو کر مردہ نہ ہو گئی ہو۔ میں تو چھوٹی تھی اتنی علم و عقل کی مالک بھی نہ تھی مگر اسی نور کا پرتو تھا کہ اتنی فراست اس زمانہ میں بھی تھی کہ مجھے اپنا سوچنا یاد آتا ہے۔ کس طرح لوگ ایسے نورانی چہرے والے ایسے پاکیزہ اعمال والے، اتنے بڑے عاشق الٰہی کو بُرا یا (نعوذ باللہ) جھوٹا کہہ سکتے ہیں؟

آپ ظاہر و باطن ایک آئینہ شفاف کی مانند تھے۔ جس میں سورج کی چمک سے نور ہی نور نظر آتا ہو۔ مگر آنکھ کے اندھوں کے لئے سو سو حجاب حائل ہوتے ہیں۔ آپ کا جسم بھی مصفّٰی تھا۔ گرمی اور پسینوں کی شدت میں بھی کبھی بوئے ناخوش آپ میں سے نہیں آتی تھی۔ ہمیشہ ایک ہلکی ہلکی مہک آتی رہتی۔ مشک کی خوشبو آپ کے پسینہ میں معلوم ہوتی تھی۔ جب نہا کر نکلتے تو گیلا گیلا بدن ململ کے کرتے میں سے صاف شفاف نظر آتا۔ نرم نرم بالوں میں نمی سی اور چند قطرے پانی کے، جو بدن خشک کرنے کے بعد بھی سر میں باقی رہتے، بہت ہی پیارے لگتے تھے۔

آپ کا قد بالکل راست تھا۔ ذرا بھی کمزوری اور جھکاؤ نہ آیا تھا، نہ پیشانی نہ چہرے پر کوئی جھری تھی۔ صرف آنکھوں کے کوئیوں کے پاس ذرا ذرا بل سے تھے جو جوانوں کے بھی پڑ جاتے ہیں۔ غرض اتنی محنت، بے حد کام اور اس پر عارضہ دوران سر اور کثرت پیشاب کا جو عارضہ تھا۔ ان سب کے باوجود کوئی اثر آپ کے چہرہ مبارک پر ہرگز ہرگز نہ تھا......

میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نبی کریم ﷺ کا ذکر کر رہے ہوں اور آپ کی آنکھیں اشک آلود نہ ہو گئی ہوں۔ بات کرتے جاتے اور انگلی سے گوشہ ہائے چشم سے ٹپکتے آنسو پونچھتے جاتے تھے۔

گو پہلے لکھے ہوئے ہیں مگر پھر دوبارہ ایک دو واقعات عشق رسول کریم ﷺ کا، جو آپ کے دل و جان کا جزو تھا، سناتی ہوں مگر ذرا مختصر کر کے۔ آپ باغ میں چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے۔ میں اور مبارک ایک کچھوا آپ کو دکھانے کو لائے۔ پھر آپ نے فرمایا آؤ آج تم کو محرم کی کہانی سنائیں۔ ہم دونوں پاس بیٹھ گئے۔ (یہ ماہ محرم کا پہلا عشرہ تھا) آپ نے شہادت حضرت امام حسین علیہ السلام کے واقعات سنانا شروع کئے۔ فرمایا وہ ہمارے نبی کریم ﷺ کے نواسے تھے۔ ان کو منافقوں نے ظالموں نے بھوکا پیاسا کربلا کے میدان میں شہید کر دیا۔ فرمایا اس دن آسمان سرخ ہو گیا تھا۔ چالیس روز کے اندر قاتلوں ظالموں کو خدا تعالیٰ کے غضب نے پکڑ لیا۔ کوئی کوڑھی ہو کر مرا کسی پر کوئی عذاب آیا اور کسی پر کوئی۔ یزید کے ذکر پر یزید پلید فرماتے تھے۔ کافی لمبے واقعات آپ نے سنائے۔ حالت یہ تھی کہ آپ پر رقت طاری تھی۔ آنسو بہنے لگے تھے جن کو آپ انگشت شہادت سے پونچھتے جاتے تھے۔ وہ کیفیت مجھے ہمیشہ یاد آتی ہے...... دو بچوں کے سامنے گھر کی تنہائی میں وہ قیمتی آنسو وہ خون دل کے قطرے، وہ انمول موتی اور جگہ یہ دنیا میں کہاں پائے جا سکتے ہیں؟ وہ جذبہ صادق وہ درد تو اسی عاشق صادق محمد رسول اللہ ﷺ کا ہی حصہ تھا۔

ایک دفعہ حضرت اماں جان نے کہا ایک شخص نے کہلایا ہے (نام نہیں لکھتی) کہ فلاں سید زادی سے میرے رشتہ کی آپ سفارش کر دیں اور تحریک فرمائیں۔ میں پاس بیٹھی تھی۔ آپ نے جواب دیا۔ میں نہیں کہہ سکتا۔ میری زبان کو زیب نہیں دیتا کہ ایک لڑکی جو آل رسول کریمؐ سے منسوب ہے سید زادی کہلاتی ہے میں اس کا پیغام ایسے شخص کے لئے دوں جس کی قوم ہمارے ملک میں ایک گھٹیا قوم کہلاتی ہے۔ بیشک...... احمدیت کی تعلیم یہی ہے اور آپ خود فرماتے تھے کہ ذات پات کا خیال نہ کرو اور نیکی تقویٰ دیکھو۔ مگر وہ شریعت ہے۔ یہ رنگ عشق و محبت کا تھا اور اپنے محبوب آقا کا ادب تھا۔ ایک خاص جذبہ تھا جس نے یہ الفاظ آپ کی زبان سے نکلوائے۔ نہ معلوم کتنا جذبات عشق و احترام سے معمور اس وقت آپ کا دل ہو گا کہ آپ اس بات کو کہنا برداشت نہ کر سکے۔ آپ نے یہ نہیں کہا کہ وہ شخص پیغام نہ دے۔ صرف اپنے جذبہ عشق و احترام کے جوش میں یہ کہا کہ میری زبان کو زیب نہیں دیتا۔ یہ امر آپ لوگ مدنظر رکھیں۔

اپنے سب سے بڑھ کر محبوب ذات باری تعالیٰ کا عشق بھی جو آپ کے روح و تن کے ذرہ ذرہ میں موجزن تھا۔ آپ کے ہر ہر قول و فعل سے ہر وقت نمایاں نظر آتا تھا۔ **میں نے بغیر اوقات نماز کے بھی آپ کو اپنے رب کریم کو تڑپ تڑپ کر پکارتے سنا ہے۔ میرے پیارے اللہ میرے پیارے اللہ کی آواز گویا اس وقت بھی سن رہی ہوں اور آپ کے آنسو بہتے دیکھ رہی ہوں۔**

اپنے پیارے ازلی ابدی خدا تعالیٰ کے لئے غیرت کا ایک نمونہ چشم دید پیش کرتی ہیں۔ آپ حجرہ میں تھے باہر جانے کو تیار تھے۔ میں آپ کے پاس تھی۔ حضرت اماں جان سامنے کھپریل میں تھیں۔ ہماری تائی صاحبہ کی خادمہ خاص (جو تائی صاحبہ کے قریباً ساتھ ہی احمدی بھی ہو گئی اور بہشتی مقبرہ میں دفن ہے) حضرت اماں جان کے پاس آئی اور اپنی طرف سے عزیز داری سمجھ کر آپ کے پاس ہمارے چچا مرزا امام الدین کی وفات پر اظہار افسوس کرنے لگی جس وقت اس کے منہ سے یہ لفظ نکل رہے تھے کہ ”بڑا ہی چنگا بندہ سی وغیرہ“۔ حضرت مسیح موعود باہر نکلے۔ آپ کا چہرہ مبارک سرخ ہو رہا تھا۔ آپ نے اپنا عصا زمین پر مار کر کہا۔

”بدبخت تو میرے گھر میں میرے خدا کے دشمن کی تعریف کرتی ہے“۔

ایسا جلال آپ کی آواز میں تھا کہ وہ تو سرپٹ بھاگی، مرزا امام الدین دہریہ تھے۔ آپ کب گوارا کر سکتے تھے کہ آپ کے گھر میں ایک دہریہ کی اس قدر تعریف ہو۔

ویسے دوسرے عزیز جو محض ذاتی دشمن اور گمراہ تھے۔ ان کی تکلیف میں آپ ہمدردی فرماتے تھے۔ حضرت منجھلے بھائی صاحب نے ایک دفعہ نظام الدین کہہ کر بات کی تھی تو آپ نے فرمایا تھا کہ ”میاں وہ تمہارا چچا ہے“۔

ان کا مرزا گل محمد مرحوم سے بڑا لڑکا مرزا دل محمد جب فوت ہوا تو آپ نے اظہار افسوس کیا۔ مجھے یاد ہے آپ نے فرمایا تھا لڑکا اچھا تھا اس میں سعادت تھی۔ میں نے دیکھا کہ حافظ ماہنا (حافظ معین الدین نابینا) کا ایک دن ہاتھ پکڑ کر چلا رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ حضرت صاحب کی (بیت) میں جانا ہے؟ لاؤ پہنچا دوں۔ بیت الدعا یا ہماری حجرہ کی کھڑکی سے وہ گلی نظر آتی تھی جو بیت اقصیٰ کو جاتی ہے غالبًا آپ نے اس میں سے دیکھا ہو گا۔

میرے مولیٰ سمیع و بصیر قریب و مجیب خدا ہم کو ہماری اولادوں ان کے جوڑوں ان کی اولادوں اور ہماری نسلوں کو ہمیشہ کے لئے اپنا بنا لے۔ ہم ہمیشہ تیرے شیدا رہیں تیرے عاشق رہیں۔ تیرے نبی اکرم (ﷺ) اور مسیح موعود کے فدائی رہیں۔ تا قیامت ثابت قدمی اور صدق دل سے خادم دین رہیں۔ توحید کو مضبوطی سے پکڑنے والے دین کو دنیا پر مقدم رکھنے والے۔ خلافت سے وابستہ رہنے والے۔ ہر فتنہ سے دور رہنے والے رہیں اور میرے خدا اپنی محبت کی دولت ہمیشہ کے لئے ہمیں بخش دے۔ ہم تیرے لئے جئیں اور تیرے لئے مریں۔ ہمارے انجام بخیر ہوں نیک انعمت علیھم کے مصداق۔ خادم دین نسلیں تا قیامت ہم سے چلتی رہیں اور ہم بعد رخصت از جہان فانی اور روز حشر مسیح موعود کی خدمت میں سرخرو ہوں۔ آپ اپنے محبوب آقا کے حضور میں سرخرو ہو کر ہمیں پیش کریں اور ہم سب تیری جناب میں سرخرو ہوں۔ آمین (الفضل 11 جنوری 1968ء)

جب آدھی رات کو لنگر خانہ کھول کر بھوکوں کو کھانا کھلایا گیا

حضرت مسیح موعود اور آپ کے خدام کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا خاص سلوک

حضور کے ایک الہام کے پورا ہونے کی گواہی۔ چشمدید گواہ کے قلم سے

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

خاکسار ڈاکٹر حشمت اللہ پٹیالوی حال طبی خادم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی۔ 1907ء کے جلسہ سالانہ کے موقعہ پر قادیان میں حاضر ہوا تھا۔ ان دنوں یہ عاجز جماعت احمدیہ پٹیالہ کا سیکرٹری تھا۔ جلسہ کے آخری دن صدر انجمن احمدیہ کے سیکرٹری صاحب کی جانب سے اعلان ہوا کہ آج بعد نماز مغرب وعشاء صدر انجمن احمدیہ کا جنرل اجلاس ہوگا جس میں بیرونجات کی انجمنوں کے پریذیڈنٹوں اور سیکرٹریوں کی شمولیت لازمی ہے۔ اجلاس بیت مبارک میں ہوگا۔

خاکسار اس اعلان کے بعد نماز مغرب وعشاء کے ختم ہونے پر بیت میں حاضر ہوا۔ باوجود یہ کہ سخت بھوکا تھا کیونکہ صبح آٹھ بجے کا کھانا کھایا ہوا تھا۔ مگر غیر حاضری کے خوف سے بیت چھوڑ کر کھانا کھانے نہ گیا۔ مگر میں نے دیکھا کہ تمام بیت خالی ہوگئی ہے میں نے خیال کیا کہ دوسری انجمنوں کے عہدیداران اور اراکین صدر انجمن ابھی تشریف لے آئیں گے اور اجلاس کی کارروائی شروع ہو جائے گی مگر میرا خیال پورا نہ ہوا۔ جلد تو کیا کافی دیر گزرنے پر بھی کوئی نہ آیا میں حیران سا ہو گیا۔ ایک طرف بھوک ستا رہی تھی دوسری طرف غیر حاضری کا ڈر۔ اسی حالت میں قریباً دو گھنٹے گزر گئے۔ تب اراکین مجلس تشریف لائے اور اجلاس شروع ہوا اور پونے بارہ بجے ختم ہوا اور میں بیت سے اتر کر لنگر خانہ کی طرف گیا جسے بند پایا۔ تب میں اسی حالت میں اپنی قیام گاہ میں گیا اور لیٹنے کو تھا کہ کمرہ کے دروازہ پر کسی صاحب نے دستک دے کر کہا۔ جس بھائی نے کھانا نہیں کھایا۔ وہ لنگر خانہ میں پہنچ کر کھانا کھالے۔ لنگر خانہ دوبارہ کھولا گیا ہے چنانچہ میں گیا اور جو کچھ کھانے کو ملا شکر کے ساتھ کھالیا۔ اس وقت میرے سوا غالباً دو بھائی اور تھے جن سے میں شناسا نہ تھا اور روشنی بھی مدھم تھی اس لئے میں معلوم نہ کر سکا کہ وہ کون اصحاب تھے۔

اگلی صبح کے نو بجے کے قریب معلوم ہوا کہ حضرت مسیح موعود اندرون خانہ سے سیر وغیرہ کے لئے باہر تشریف لائے ہیں اور دیکھا کہ حضور بیت مبارک کے چھوٹے زینہ کی چوکھٹ پر گلی کے رخ کھڑے ہیں اور مہمان اور کچھ مقامی احباب سامنے گلی میں کھڑے ہوئے ہیں۔ اس وقت حضور نے فرمایا مولوی صاحب کو بلائیں۔ جب حضرت مولوی نورالدین صاحب سامنے حاضر ہو گئے تو فرماتے ہیں "معلوم ہوتا ہے آج رات کے کھانے کا انتظام اچھا نہ تھا کہ بعض مہمانوں کو کھانا نہیں ملا کسی کی بھوک عرش تک پہنچی ہے اور مجھے دس بجے کے قریب بشدت الہام کیا گیا۔

(بھوکے اور بے حال کو کھانا کھلاؤ)

سو میں نے اسی وقت باہر کہلا بھیجا تھا کہ جن مہمانوں کو کھانا نہیں ملا ان کو کھانا کھلایا جائے۔

یہ عاجز بھی حضور کے سامنے اس وقت موجود تھا جبکہ حضور حضرت مولوی نورالدین صاحب سے مخاطب ہو رہے تھے اور میں دل میں خوش ہو رہا تھا کہ رات میرے خدا نے مجھے کھانا کھلوایا ہے۔

میرے اس بیان کی مصدق تحریر ذیل میں لکھی جاتی ہے جو کہ مکرم شیخ عبدالحق صاحب سابق معاون ناظر ضیافت نے کو لکھ کر دی۔

مکرمی معظمی جناب حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب سلمہ اللہ!

1907ء کے جلسہ پر کچھ دوست ایک رات بھوکے رہے۔ ساڑھے دس بجے کے قریب حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا...... (بھوکے اور بے حال کو کھانا کھلاؤ) رات کو ہی آدمی تلاش کرنے لگے اور جو رات کھانا کھائے بغیر سو گئے تھے ان کو جگا کر کھانا کھلایا گیا۔ صبح حضور بیت مبارک کی پرانی سیڑھیوں پر تشریف لائے اور سیڑھیوں کے اس دروازہ پر جو نیچے کوچہ میں کھلتا تھا۔ تشریف فرما ہوئے میں بھی اس طرف آ رہا تھا چند اور آدمی بھی آ گئے۔ حضور نے فرمایا مولوی صاحب (حضرت خلیفہ اول) کو بلاؤ۔ چنانچہ حضرت خلیفہ اول تشریف لائے تو حضرت نے مخاطب ہو کر فرمایا۔ مولوی صاحب! رات کو جو الہام ہوا وہ بہت زور اور شدت اپنے اندر رکھتا تھا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض دوستوں کا اضطراب اتنی جلدی عرش پر پہنچ گیا اور عرش کو ہلا دیا کہ فوراً ہی الہام کے ذریعہ ان کو کھانا کھلانے کی اطلاع پہنچی۔

والسلام

عبدالحق احمد سابق معاون ناظر ضیافت 30 مارچ 1957ء

گویہ الہام اسی رات پورا ہو گیا تھا کہ جس رات حضور کے ارشاد کے ماتحت دوبارہ لنگر کھول کر بعض احباب کو رات کے بارہ بجے کھانا کھلا دیا گیا تھا۔ ہوسکتا تھا کہ الہام کی وجہ سے جب دوبارہ لنگر خانہ کھولا گیا تھا تو کوئی ایسا شخص ہی نہ ملتا جس نے کھانا نہیں کھایا تھا مگر دو تین ایسے آدمیوں کا پایا جانا جنہوں نے کھانا نہ کھایا تھا اس امر کا ثبوت ہے کہ یہ الہام خدا کے سچے مامور کو خدائے علیم وبصیر کی جانب سے کیا گیا تھا اس لئے بے کھانا کھائے مہمان کا نہ ملنا ناممکن تھا۔ چنانچہ الہام کی بنا پر بھوکے مہمانوں کی تلاش پر دو تین مہمان ضرور ملے جنہوں نے اس الہام کے ماتحت رات کے بارہ بجے کھانا کھایا۔ پھر جہاں الہام کی تعمیل حضرت مسیح موعود نے فرما دی وہاں اس بات کی تصدیق بھی ہو گئی کہ بشدت الہام کئے جانے کی وجہ ضرور موجود تھی اور یہ بھی ثابت ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر کس قدر مہربان ہے اور پھر یہ بھی معلوم ہو گیا کہ خدا کی راہ میں بھوک برداشت کرنے والوں کی سیری کا انتظام خدا خود فرماتا ہے۔

لیکن حضور کا یہ فرمانا کہ کسی کی بھوک عرش تک پہنچی ہے جس نے اسے ہلایا ہے ظاہر کرتا ہے کہ کس خاص شخص کی بھوک ہے جس کا یہ کرشمہ ہے۔ پس اس جگہ میں خدا تعالیٰ کو حاضر ناظر جان کر کہتا ہوں کہ

(1) میں اس رات سخت بھوکا تھا کہ آٹھ بجے صبح کا کھانا کھایا ہوا تھا پھر دن میں کچھ میسر نہ آیا تھا اور عمر نوجوانی کی تھی۔

(2) بھوک کی یہ تکلیف مجھے سلسلہ کے کام کی وجہ سے برداشت کرنا پڑی تھی کہ صدر انجمن کے اجلاس میں شمولیت کا سوال تھا۔

(3) میں اپنی ناداری اور جسمانی کمزوری اور کمزوری طبع کے باعث اس وقت نہایت قابل رحم تھا پس ان حالات میں میرا یقین ہے کہ وہ میری ہی بھوک تھی جس نے عرش کو ہلایا اور میرے نزدیک بعد کے واقعات سے بھی اس امر کی تائید ہوتی ہے۔

بعد کے حالات

جلسہ ختم ہونے پر خاکسار پٹیالہ آ گیا اور فکر روزگار میں مبتلا ہو گیا کیونکہ تا حال میرا کوئی مستقل روزگار نہ تھا اور والد صاحب کو فوت ہوئے چار ماہ گزر چکے تھے۔ گویا لفظ معتر مجھ پر پورا صادق آتا تھا۔ ایسے حال میں باوجود یہ کہ مجھے ملازمت پسند نہ تھی (مجھے ملازمت پسند نہ تھی اس کا ثبوت یہ ہے کہ ہمارے مکرم بھائی بابو عبدالحمید صاحب سیالکوٹی نے جو ان دنوں اکونٹنٹ جنرل پٹیالہ کے محکمہ میں ممتاز عہدے پر تھے مجھے ازراہ ہمدردی کہا تھا میں آپ کو اپنے محکمہ میں ملازمت دلوادوں؟ جس پر میں نے جواباً کہہ دیا تھا آپ کے محکمہ میں ونٹر سیزن [موسم سرما] میں دفتر دس بجے سے چار بجے تک لگنے کی وجہ سے جمعہ کی نماز کے لئے وقت نہیں ملتا اور میں نماز جمعہ کو چھوڑ نہیں سکتا)۔ پھر بھی مجبوراً میں نے محکمہ تعلیم میں ملازمت کی درخواست دے دی لیکن محکمہ نے التفات نہ کی۔ میں زیادہ پریشان حال ہو گیا اور کمزور بھی ہو گیا۔ میرے اس حال کو دیکھتے ہوئے میرے محترم بزرگ شیخ عبداللہ صاحب مرحوم نے میرے لئے ایک اسامی فوجی کمپنی کی اکونٹنٹی کی تلاش کی اور مجھ سے پوچھا کہ اگر تم اس جگہ ملازم ہونا چاہو تو میں تمہارے لئے کوشش کر دوں کیونکہ یہ اسامی کرنل محمد رمضان کے ہاتھ میں ہے جو میرا لحاظ کرے گا۔ میں نے جواباً کہا کہ میں تو حاجت مند ہوں اگر ملازمت مل جائے تو غنیمت ہے اس پر آں مرحوم کرنل سے ملے۔ مگر کرنل نے یہ کہہ کر کہ جس لڑکے کی سفارش آپ کر رہے ہیں وہ تو "مرزائی" ہے ملازمت دینے سے انکار کر دیا۔ شیخ صاحب مرحوم نے اگلے روز مجھ سے تمام حال بیان کر کے کہا کہ کل میں تمہیں ساتھ لے جا کر کرنل کو ملوں گا۔ سو اگر کرنل مرزائی وغیرہ کا سوال کرے تو تم خاموش ہو جانا میں خود ہی جواب دے لوں گا جس سے آں محترم کی مراد یہ معلوم ہوتی تھی کہ میں اپنی احمدیت کو چھپا لوں۔ اس پر میں نے عرض کیا کہ جناب عالی! یہ ملازمت تو صرف تیس پینتیس روپے ماہوار کی ہے۔ میں تو اگر ہزار روپے ماہوار کی بھی ہو تب بھی اسے قبول نہ کروں کہ مجھے اپنی احمدیت چھپانی پڑے۔ اس پر آں محترم خاموش ہو گئے۔

اتفاق سے اسی روز حضرت مولوی عبدالقادر صاحب لدھیانہ سے پٹیالہ تشریف لے آئے۔ انہیں کرنل صاحب کے ہاں ملازمت کا معلوم ہو گیا تب انہوں نے مجھے ساتھ لے کر کرنل سے ملنے کا ارادہ ظاہر کیا میں نے کہا کہ جس شخص نے پہلے ہی بر بنائے

احمدیت مجھے ملازمت دینے سے انکار کر دیا ہے اسے دوبارہ ملنے سے کیا بنے گا۔ مگر حضرت مولوی صاحب باصرار اگلے روز شام کے وقت مجھے کرنل کی کوٹھی واقعہ چھاؤنی پٹیالہ لے گئے۔ ہم ابھی کوٹھی کے احاطہ کے گیٹ میں داخل بھی نہ ہوئے تھے کہ صحن میں کھڑے کرنل نے کافی فاصلہ سے ہمیں دیکھتے ہی بلند آواز سے یوں کہنا شروع کر دیا۔ مولانا! ایتھے کوئی نوکری نہیں۔ ایتھے کوئی نوکری نہیں۔ بایں ہمہ حضرت مولوی صاحب مجھے ساتھ لئے کرنل کے قریب پہنچ ہی گئے تب کرنل نے حاکمانہ لہجہ میں کہا۔ مولانا میں نے کہا ہے یہاں کوئی نوکری نہیں جو نوکری تھی وہ کل ایک سکھ لڑکے کو دے دی ہے۔ اس پر حضرت مولوی صاحب واپس آ گئے مگر میرا دل کرنل کی درشت کلامی اور برے سلوک سے کہ مجھے رد کر کے ایک سکھ لڑکے کو ملازمت دے دی سخت آزردہ ہو گیا۔

ہم مغرب کی نماز کے وقت اپنی بیت میں واپس پہنچ گئے اور نماز ادا کی جب فرضوں کے بعد سنتیں ادا کر رہا تھا تو میرا دل جوش دعا سے بھر گیا اور نہایت عاجزی سے اپنے رب محسن کے حضور التجا کی کہ مجھے رزق دے اور ایسا رزق دے کہ میں کرنل جیسے لوگوں کا محتاج نہ بنوں۔

اگلے روز میں اپنی دکان کھولے بیٹھا تھا گاہک کوئی نہ تھا کہ مال نہ تھا ایسے حال (خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے فضل سے مجھے ناداری کی حالت کے باوجود اس بات کی توفیق دی کہ اپنی دکان سے عمدہ چیزوں کا تحفہ [جن میں ایک عمدہ ترکی ٹوپی بھی تھی] حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بذریعہ ڈاک بھیج دی) میں میرا ایک سکول فیلو سامنے سے میرے پاس آن بیٹھ گیا اور کہنے لگا "یار! تیری دکان پر چیزیں تو ہیں نہیں اس لئے گاہک بھی نہیں آتے تم کماتے کیا ہو اور کھاتے کہاں سے ہو؟ اس پر میں نے کہا! بھئی میں کروں تو کیا کروں جب میرے پاس روپیہ ہی نہیں تو دکان کے لئے بکری کا سامان کس طرح مہیا کروں۔ میں نے ایک دو جگہ ملازمت کی کوشش بھی کی تھی مگر مجھے ملازمت کسی نے دی نہیں۔ اس پر وہ سکول فیلو جس کا نام مادھو رام تھا بولا، بھئی تم میٹرک پاس ہو (ان دنوں میٹرک پاس لوگوں کی بہت قدر تھی) کیوں میڈیکل سکول لاہور میں داخل نہیں ہو جاتے؟ میں نے کہا! بھئی جس حال میں کہ میرے کھانے پہننے کا سامان بھی مہیا نہیں ہو سکتا تعلیم کے لئے اور وہ بھی لاہور جا کر خرچ کہاں سے لاؤں؟ اگر مجھے وسعت حاصل ہوتی تو میں اپنے شہر کے کالج میں ہی کیوں تعلیم حاصل نہ کرتا۔ اس پر وہ کہنے لگا کہ بھئی میڈیکل سکول کی تعلیم کے لئے ریاست کی طرف سے وظیفہ ملتا ہے۔ میں نے کہا مجھے وظیفہ کس نے دینا ہے جسے معمولی ملازمت بھی نہ ملی۔ اس پر اس نے کہا کہ میرے محلّہ میں میڈیکل ڈیپارٹمنٹ کا سیکنڈ کلرک لالہ مولک رام رہتا ہے میں اسے کہوں گا کہ تمہیں وظیفہ دلوا دے۔ میں نے کہا کہہ دو۔ تب اس نیک لڑکے نے اسی شام کلرک صاحب کو کہا۔ اس نیک دل کلرک نے میری درخواست چیف میڈیکل آفیسر کو پیش کر دینے کا وعدہ کر لیا اور چند دن بعد کی تاریخ بتلا دی اور کہا کہ صاحب بہادر میجر اینسورتھ (Major Ainsworth) کی کوٹھی پر اتنے بجے درخواست لے کر پہنچ جانا۔ چنانچہ میں پہنچ گیا اور حسب وعدہ کلرک نے میری درخواست پیش کر دی۔ صاحب بہادر نے میرے چہرے کو دیکھ کر صرف یہ پوچھا کہ Do you like to join medical school Lahore? (یعنی کیا تم میڈیکل سکول لاہور میں داخلہ لینا چاہتے ہو؟) میں نے اس کا مثبت جواب دیا تب صاحب موصوف نے میرے کھڑے کھڑے پرنسپل صاحب میڈیکل کالج لاہور کے نام چٹھی لکھ کر مجھے دے دی اور فرمایا کہ کل ہی لاہور کو روانہ ہو جاؤ کہ پرسوں داخلہ لیا جا رہا ہے۔ چنانچہ میں اگلے روز شام کو لاہور روانہ ہو گیا اور 20/اپریل 1908ء کو لاہور پہنچ کر میڈیکل سکول میں داخل ہو گیا۔ تب میں نے خدا تعالیٰ کو پہچانا کہ وہ غریبوں کا خبر گیر ہے اور صرف وہی ہے جو سچی محبت کر سکتا ہے اور وہی ہے جو غریبوں کی عاجزانہ دعاؤں کو سنتا اور قبول کرتے ہوئے انہونی کو ہونی کر دکھاتا ہے۔ اگرچہ اس سے پہلے بھی میرے پیارے رب نے میری بہت سی دعائیں قبول کی تھیں مگر اس دعا کی قبولیت کا جو کرنل کے بنگلہ سے واپس آن کر بیت میں کی تھی نہایت عظیم الشان نتیجہ دیکھ کر میرا سر آستانہ الٰہی پر ایسا گر گیا کہ پھر اس آستانہ سے کبھی نہ اٹھا یہاں تک کہ وہ مخفی در مخفی ذات باری تعالیٰ میرے قریب ہو گئی اور مجھ پر اپنی غفران کی چادر ڈال دی اور اپنی ملک میں مجھے لے لیا۔

میرے چار سال تعلیم لاہور کے نمازوں اور سجدوں میں گزرے۔ میں ایک حقیر ترین طالب علم سے باعزت طالب بنتے ہوئے تعلیم کے آخری امتحان میں کامیاب ہوا اور 12 جون 1912ء سے ریاست پٹیالہ میں ملازم بن گیا اور رزق خدا حاصل ہوا۔ الہام اطعموا الجائع کی وسعت خوب واضح ہو گئی۔

ربِ اعلیٰ کی غریب نوازی

جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری بھوک کو دیکھتے ہوئے ...... کا بشارت الہام کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود کے واسطہ سے رات بارہ بجے کھانا کھلوایا تھا اسی پاک ذات نے میری روحانی غذا کا بھی انتظام فرمایا۔ جسمانی غذا کے انتظام کے لئے علاوہ اسی رات کھانا کھلانے کے میڈیکل سکول میں داخل کروا کر میرے ڈاکٹر بن جانے کا انتظام بھی فرمایا تا کہ باعزت روزگار حاصل ہو مگر روحانی غذا کے لئے معجزانہ رنگ میں انتظام فرما دیا وہ یہ کہ مجھے لاہور میں آئے صرف دس روز ہوئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو 29/اپریل 1908ء کو لاہور لے آیا تا میں غریب و مسکین حضور کے دیدار اور فیض صحبت اور کلمات طیبات سے مستفید ہو سکوں۔ چنانچہ یہ باتیں محض فضل ربی سے حاصل ہوئیں۔ جن کا ذکر ایک طویل داستان ہے جو میرے اس مضمون میں بیان نہیں کی جا سکتی۔

میرا زمانہ ملازمت ریاست پٹیالہ

(12 جون 1912ء تا یکم فروری 1919ء)

میں لاہور میں میڈیکل سکول کے آخری امتحان میں کامیاب ہو جانے کا نتیجہ سن کر فوراً پٹیالہ چلا گیا اور 12 جون 1912ء کو راجندر ہسپتال پٹیالہ میں جو ریاست کا بہت بڑا مرکزی ہسپتال تھا حاضر ہو گیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے میرے افسر میرے کام سے خوش ہو گئے اور ابھی ایک سال بھی نہ ختم ہونے پایا تھا کہ مجھے اہم کام سپرد کر دیئے گئے۔ میرے سب سے بڑے افسر ڈاکٹر کاون نے تو میرے کام کو دیکھتے ہوئے تا منظور بجٹ مجھے اپنی جیب سے الاؤنس دینا شروع کر دیا اور اسی افسر نے دفتر کے عملہ کے سامنے ایک روز یوں کہہ دیا کہ میں نے ڈاکٹر حشمت اللہ جیسا سب اسسٹنٹ سرجن اپنی تمام سروس کے زمانہ میں نہیں دیکھا۔ ایک دو سال کے عرصہ میں میری شہرت ہر خاص و عام میں پھیل گئی یہاں تک کہ مجھے ایک وقت مہاراجہ صاحب کے خاص طبی عملہ میں لیا جانے لگا۔ جو میری متضرعانہ دعا کی وجہ سے رک گیا۔ کیونکہ مجھے اپنے دین کے برباد ہو جانے کا خطرہ تھا۔

یہ تو ہوا ظاہری رزق کا بیان۔ لیکن خدا تعالیٰ نے میری روحانی پرورش کا سامان بھی ساتھ ہی رکھا۔ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ میری دعا برائے احسن رزق کے چند ہی دن بعد میری میڈیکل تعلیم کا انتظام ہو گیا اور لاہور میں چار سال میں تعلیم ختم کرنے کے بعد مجھے معزز ملازمت مل گئی اور میری شہرت عزت قائم ہو گئی اور کشائش رزق بھی حاصل ہو گئی۔ مگر میرا رب محسن مندرجہ بالا انعاموں سے بالاتر چیز دینا چاہتا تھا وہ مجھے اپنا حسین چہرہ اپنی قدرت نمائی کرتے ہوئے دکھلانا چاہتا تھا۔ ایک روز کیا دیکھتا ہوں جبکہ میں اپنے ہسپتال کے عظیم الشان آپریشن روم کے (جس کا میں انچارج تھا) باہر چبوترے پر کھڑا ہوا تھا کہ سامنے وہی کرنل رمضان جس نے اس روز قریباً آٹھ سال پہلے مجھے بری طرح دھتکارا تھا میری طرف چلا آ رہا ہے اور جب قریباً اس قدر دور رہ گیا جس قدر فاصلہ سے اس نے مجھے دھتکارا تھا تو اس نے مجھے فرشی سلام کیا اور میرے قریب پہنچ کر لجاجت کے رنگ میں کہنے لگا۔ جناب ڈاکٹر صاحب! میرے بزرگ کی آنکھ کا آپریشن ہونا ہے۔ مہربانی فرما کر اس کا خیال رکھیں۔ میں نے اسے تسلی بخش جواب دے دیا اور اس کے برے سلوک کو نہ جتایا۔ مگر میرا دل اپنے رب محسن کے حضور سجدہ میں گر گیا اور مولا بس، مولا بس پکار اٹھا اور اس احسان خداوندی نے میرے دل میں شکریہ کی اس قدر لہر پیدا کر دی کہ جی چاہتا تھا کہ اپنے پیارے اللہ کا شکر کرتے کرتے فنا ہو جاؤں کیونکہ مجھے صاف معلوم ہو گیا کہ میرے پیارے رب نے کرنل مذکور کے برے سلوک کو دیکھا اور میرے دکھ کو سنا اور میری دعا کے مطابق رزق عطا کیا اور پھر میرے پاس کرنل کو حاجت مندانہ حالت میں لایا۔ اس طرح میرے زخمی دل کا علاج فرمایا۔

خدا تعالیٰ کی مزید چہرہ نمائی

اب خدا تعالیٰ کے فضل سے مجھے فراخی رزق تو حاصل ہو چکی تھی لیکن خدا تعالیٰ مجھے روحانی رزق بھی بکثرت دینا چاہتا تھا وہ رزق کیا تھا اور کیونکر ملا اس کا مختصر بیان حسب ذیل ہے۔

میں اگرچہ 1906ء سے جماعت پٹیالہ کا سیکرٹری بنا چلا آ رہا تھا نیز 1906ء سے ہی انجمن تشحیذ الاذہان کا ممبر بھی تھا لیکن میرا ذاتی تعارف حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ساتھ نہ ہونے کے برابر تھا کیونکہ مسکینی طبیعت پر غالب تھی اور دل میں شرم بے حد تھی۔ لیکن نہ معلوم میرے مولیٰ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دل میں میرا خیال کس طرح ڈالا کہ حضور کی جانب سے شفقت نمائی ہونے لگ گئی۔ آخر میرے مولیٰ، میرے زبردست آقا، میرے رب محسن نے مجھے ایک دن پٹیالہ سے اٹھا کر اسی طرح قادیان پھینک دیا جس طرح کہ گوپھن کے ذریعہ پتھر دور فاصلہ پر پھینک دیا جاتا ہے۔

واقعہ یوں ہوا کہ 1918ء میں انفلوئنزا کی سخت وبا پھوٹی اور سخت موتا موتی لگی۔ قادیان میں بھی اس کا زور ہوا اور کئی احباب کی موت کا موجب بنی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی پر بھی اس مرض کا سخت حملہ ہوا۔ یہاں تک کہ اپنی حالت کے پیش نظر حضور نے وصیت بھی لکھوا دی تھی۔ حضور کا علاج یونانی اور انگریزی دونوں طریقوں سے کیا جا رہا تھا۔ مفتی فضل الرحمٰن صاحب اور مولوی غلام محمد صاحب امرتسری یونانی اور حضرت ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب انگریزی علاج کر رہے تھے۔ لیکن ایک مرحلہ ایسا آ گیا کہ دوسرے ڈاکٹر کی ضرورت پڑ گئی ایسی ضرورت کے وقت بیک وقت دو تار حضرت میاں بشیر احمد صاحب کی جانب سے دیئے گئے ایک تار حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کو پانی پت دیا گیا اور دوسرا تار خاکسار راقم ڈاکٹر حشمت اللہ کو پٹیالہ دیا گیا۔

خاکسار کو جمعہ کی نماز کے وقت تار ملا۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے میں قادیان جانے کے لئے گھر سے فوراً تیار ہو گیا اور حصول رخصت کے لئے اپنے سول سرجن کی خدمت میں حاضر ہوا۔ صاحب سول سرجن نے بمشکل دو دن کی رخصت منظور کی ایک تو اس وجہ سے زیادہ دن کی رخصت نہ دی کہ ایک عظیم ہسپتال کے اہم کام میرے سپرد تھے دوسرے اس وجہ سے کہ انفلوئنزا کی وباء کی وجہ سے ڈاکٹروں کی ہر جگہ اشد ضرورت تھی۔ تاہم میں نے دو دن کی رخصت کو ہی غنیمت جانتے ہوئے اسی شام کو قادیان کی راہ لی اور اگلے روز دو تین بجے قادیان پہنچ گیا۔ قریب چار بجے کے مجھے حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں لے جایا گیا اس وقت حضور زمین پر کئے ہوئے بستر پر، جو دالان میں

تھا، جہاں حضرت مسیح موعود رہا کرتے تھے، لیٹے ہوئے تھے مجھے دیکھ کر حضور خوش ہوئے اور اپنی بیماری کا حال بیان فرمانے لگ گئے۔ بیان کے دوران اتفاق سے اہل پیغام کا (غالباً ان کی ایذا رسانی) کا ذکر آ گیا تو آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے حضور کا بیان ختم ہونے پر میں نے آپ کا طبی معائنہ کیا اور بشرح صدر بتلایا کہ پھیپھڑے اور دل خدا تعالیٰ کے فضل سے بالکل محفوظ ہیں اور دونوں نہایت عمدہ ہیں یہ سن کر حضور کو بہت تسلی ہوئی اور حضور کا چہرہ پُر رونق نظر آنے لگا۔ حضور نے میری چار پائی اسی دالان میں لگوا دی اور میری دو دن کی رخصت میں حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی کو پٹیالہ بھیج کر تین ماہ کی توسیع کروادی علاج معالجہ کا سلسلہ جاری ہو گیا اور خدا تعالیٰ کے فضل سے صحت میں روز بروز ترقی ہوتی چلی گئی۔ میری رہائش رخصت کے اختتام تک اسی دالان میں رہی اور حضور بھی اسی کمرہ میں قیام فرما رہے۔ رات کو صرف میں ہی حضور کے پاس سوتا تھا اور ہم دونوں اکٹھے بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے۔ یہاں مجھے اپنے رب محسن کی غریب نوازی ایسے رنگ میں نظر آتی ہے کہ گویا اس کا چہرہ میری آنکھوں کے سامنے آ گیا ہے اور وہ مجھے آسمان پر سے زمین پر آیا ہوا نظر آتا ہے۔ اس کی یہ کیسی قدرت نمائی ہے کہ مجھ غریب مسکین کی ایک رات کی بھوک کو دیکھا اور اپنے پیارے نبی کو شدت کے ساتھ کھانا کھلانے کا حکم دیا جس پر اسی رات بند شد لنگر کھلوا کر رات بارہ بجے کھانا کھلایا۔ پھر نہ صرف اسی روز کھانا کھلایا بلکہ میرے سر پر میڈیکل کی تعلیم کا (ناممکن حالات میں) تاج پہنایا۔ پھر میرے طبی کام کو اعلیٰ درجہ کی قبولیت بخشی اور مجھے باعزت بنایا۔ پھر مجھے اپنے پیارے محمود المصلح الموعود کی نظر میں مقبول بنایا۔ پھر طرفۃ العین میں مجھے دارالمسیح میں ہاں اسی کمرہ میں جہاں حضرت مسیح موعود سکونت رکھتے تھے لا بسایا اور اپنے پیارے اور لاکھوں کی جماعت کے محبوب پیشوا اور حضرت مسیح موعود کے حسن و احسان میں نظیر کے ساتھ بٹھا کر مہینوں کھانا کھلوایا۔

غرض میری تین مہینے کی رخصت خاص خدمت انجام دیتے ہوئے ختم ہوئی اور جس روز میں پٹیالہ کو واپس روانہ ہو رہا تھا اس روز حضور نے میرے شکریے اور اعزاز میں بہت سے احباب کو دعوت طعام دی اور مجھے قصبہ کے باہر تک چھوڑنے کے لئے تشریف لائے۔

میں نے پٹیالہ پہنچ کر اپنی ڈیوٹی کا چارج لے لیا لیکن چند دن بھی نہ گزرے تھے کہ حضور نے خطوں کے ذریعہ علالت طبع کا لکھنا شروع کر دیا۔ آخر حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی کو پٹیالہ بھجوا کر میری چھ ماہ کی رخصت منظور کروادی اور میں صرف تیرہ روز بعد دوبارہ قادیان پہنچ گیا۔ اس طرح میرے لئے کثیر رزق روحانی کا دروازہ کھل گیا اس دفعہ مجھے دارالبرکات میں ٹھہرایا گیا اور پھر روزانہ ایک وقت اکٹھے بیٹھ کر کھانا کھانے کا کئی ماہ تک موقعہ مل گیا۔ چندہ ماہ بعد حضور کے منشاء سے میں نے اپنا استعفیٰ لکھ بھیجا اور مجھے رہائش کے لئے حضرت نواب محمد علی خان صاحب کا شہر والا مکان مل گیا اور میں نے اپنے اہل وعیال کو پٹیالہ سے بلا کر عافیت کے قلعہ میں بسا لیا اور مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی اور دیگر افراد خاندان حضرت مسیح موعود کی خدمت کا موقع مل گیا اور آج تک کہ 45 سال گزر چکے ہیں موقع مل رہا ہے۔ اس 45 سالہ خادمانہ زندگی کی داستان بہت لمبی ہے لیکن اس قدر بتلا دینا ضروری ہے کہ الہام ہاں شدت کے ساتھ کیا گیا الہام تا حال عجیب شان دکھا رہا ہے کہ مجھے سالہا سال سے تا ایں دم (8 مارچ 1964ء) حضور مسیح موعود کے مثیل اور خلیفہ برحق کے دستر خوان سے کھانا کھلوا رہا ہے۔ میرے جسم و جان کا ذرہ ذرہ اس بات کا گواہ ہے کہ الہام جو کہ حضور کو 28 اور 29 دسمبر 1907ء کی درمیانی شب کو ہوا تھا برحق ہے۔ (الفضل 10,9 مئی 1964ء)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

حضرت مسیح موعود اور جماعت احمدیہ کا تعارف

ایک ہندو مہندر لال کے قلم سے مطبوعہ 1906ء

یہ ایک صدی قبل کا یادگار واقعہ ہے کہ حضرت حافظ ڈاکٹر خلیفہ رشیدالدین صاحب (والد بزرگوار حضرت سیدہ ام ناصر) آگرہ میڈیکل کالج کے پروفیسر تھے اور آپ کی پر جوش دعوت الی اللہ کا سلسلہ بعض چوٹی کے ہندو دوانوں تک پھیلا ہوا تھا جن میں ایک عالی ظرف اور فراخ دل معزز ہندو دوست جناب مہندر لال صاحب جیسے اہل قلم بھی تھے۔ جو آپ کی پُر حکمت تبشیری مساعی سے اس درجہ متاثر ہوئے کہ انہوں نے ”مرزا غلام احمد قادیانی“ کے زیر عنوان ایک پر زور ہندی آرٹیکل سپرد قلم کیا۔ یہ آرٹیکل رسالہ سرستی (الہ آباد) کے شمارہ اکتوبر 1906ء میں اشاعت پذیر ہوا۔

حضرت مسیح موعود کے عہد مبارک میں کسی غیر جانبدار ہندو شخصیت کا تحریک احمدیت پر اس سے بہتر تعارف اور مبسوط تبصرہ میری نظر سے آج تک نہیں گزرا۔

حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے اخبار بدر قادیان (13 دسمبر 1906ء) میں اس آرٹیکل کا ترجمہ شائع کرتے ہوئے فاضل مقالہ نگار کی وسعت قلبی اور وسیع حوصلگی کو سراہتے ہوئے یہ نوٹ دیا

”اس کے لکھنے والے نے جو ہندو ہے نہایت بے تعصبی سے اصل واقعات کو پیش کیا ہے جس کے لئے میں حق پسندوں کی طرف سے ان کا شکر گزار ہوں میرا خیال ہے کہ سرستی کا یہ آرٹیکل بہت لوگوں کے لئے مفید اور موثر ہوگا۔

اس معرکہ آراء آرٹیکل کے چند اقتباسات عصر نو کے نونہالان احمدیت کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

1۔ ”ہندو دھرم پر چلنے والوں کا بشواس (یقین) ہے کہ سخت کل یگ (فیج اعوج) کے آنے پر بشن بھگوان کلگی اوتار لے کر سنسار (دنیا) کو سیدھے راستہ پر چلانے کے واسطے آئیں گے۔

پنجاب میں ضلع گورداسپور کی تحصیل بٹالہ کے قادیان نام گاؤں کے رہنے والے حضرت مرزا غلام احمد صاحب یقین دلاتے ہیں کہ دھرم پشکوں (مذہبی کتابوں) میں جیسا کہ اوتار کے آنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ اس کے انوسار (موافق) وہ اس دنیا میں پرگٹ ہوئے ہیں جو لوگ ان کی سکھشا (تعلیم) پر چلیں گے وہ ابدی بہشت حاصل کریں گے۔“

2۔ ”مرزا صاحب یقین دلاتے ہیں کہ جو کوئی قرآن پر ایمان رکھتے ہیں ان کو جاننا چاہئے۔ کہ جس مہدی کی سنسار میں آنے کی پیشگوئی قرآن میں کی گئی ہے اور جو شرطیں کی گئی تھیں ان سب باتوں کو انہوں نے پورا کیا ہے۔ ایک وقت تھا کہ ان کو کوئی بھی نہیں جانتا تھا۔ 1880ء میں ان کو پرمیشر نے اپنا اچھیا (منشاء) ظاہر کرنے کے لئے چنا۔ ابتداء میں ان کو خبر دی گئی کہ ان کے پاس اچھے لوگ چاروں طرف سے آئیں گے۔ (یاتون من کل فج عمیق کی پیشگوئی کی طرف اشارہ ہے ایڈیٹر) مرزا صاحب ان کے لئے سامان کریں ان کی بہتایت سے گھبراویں نہیں۔ (لاتصعر لخلق اللہ ولا تسئم من الناس والی پیشگوئی کا اشارہ ہے ایڈیٹر) 1888ء (درست 1889ء ناقل) میں مرید بنانے کی ریت چلی اور احمدی جماعت کا سلسلہ آرنبھ (شروع) ہوا۔

3۔ پلیگ (طاعون) کا اس ملک میں آنا سب سے پہلے مرزا صاحب نے اپنی کتاب براہین احمدیہ میں ظاہر کیا۔ یہ 1887ء کی بات ہے اور اس کا (طاعون کا) عالمگیر ہونا ان کو 1898ء میں معلوم ہوا۔

پنجاب آریہ سماج کے پنڈت لیکھرام کا مارا جانا کسی سے چھپا ہوا نہیں۔ پنڈت جی مرزا صاحب سے بات چیت (مباحثہ) کرنے کے لئے خود قادیان گئے تھے وہیں ان کی موت کا وقت ان کو بتایا گیا (اصل یہ ہے کہ قادیان میں آ کر اونہوں نے حضرت اقدس سے نشان مانگا تھا۔ جس پر حضرت اقدس نے اس کی تو تحریری اجازت لے کر اس کے متعلق وہ پیشگوئی شائع کی جس میں اس کی موت، صورت موت اور وقت موت سب کچھ بتا دیا گیا تھا۔)

جو اتنا سچ نکلا کہ قاتل کا پتہ لگانے کے لئے مرزا صاحب کے گھر کی تلاشی ہوئی۔ براہین احمدیہ میں سوامی دیانند سرستی کی موت کے متعلق جو کچھ کہا گیا تھا وہ بھی ٹھیک نکلا ان سب نشانات کو دیکھ کر ان کے ....ان پر ایمان لائے ہیں۔ آجکل ان کے سماج (سلسلہ) میں تین لاکھ آدمی ہیں۔ وہ افغانستان۔ افریقہ۔ عرب۔ ایران۔ آسٹریلیا سٹریٹ سیٹلمنٹ تک پھیلے ہوئے ہیں۔“

4۔ ”ان کے سلسلے میں سیدھے سادھے بھولے مسلمان ہی نہیں۔ بلکہ کتنے ہی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ڈپٹی کلکٹر تحصیلدار۔ اسسٹنٹ سرجن، ہاسپٹل اسسٹنٹ وغیرہ اور کئی رئیس، جاگیر دار، علاقہ دار اور نوابوں کی اولاد ہیں۔ اور کتنے ہی منش (انسان) جو پہلے برے چال چلن تھے ان کے اپدیش (نصیحت) سے نیک بن گئے ہیں۔“

5۔ حضرت نے ابھی حال میں ایک تجویز نکالی ہے کہ قادیان میں ایک ایسی جگہ بنائی جاوے جہاں دھارمِک (صلحاء) لوگ مرنے کے بعد دفن ہوں اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا ہے۔“

آجکل قادیان میں حضرت کے درشن کو بہت سے یاتری جاتے ہیں ان کے لئے ایک لنگر خانہ کھولا ہوا ہے جہاں سب کو بھوجن ملتا ہے۔ مرزا صاحب کی تصویر امریکہ تک کے اخباروں میں چھپ چکی ہے۔ میں آگرہ میڈیکل کالج کے پروفیسر ڈاکٹر خلیفہ رشیدالدین صاحب کا بہت دھنیاد (شکریہ) ادا کرتا ہوں۔ آپ ہی سے میں نے پہلے پہل حضرت کا نام سنا تھا۔ تب سے میں برابر حضرت مرزا صاحب کی بانیوں (تقریروں) کو بڑی محبت سے پڑھا کرتا ہوں۔

(منہدر لال)

ہر طرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج
جس کی فطرت نیک ہے وہ آئے گا انجام کار

لاہور میں جائیداد کی خرید وفروخت کیلئے بااعتماد ادارہ

فاروق اسٹیٹ

3۔ای مین مارکیٹ گلبرگ ٹو۔لاہور

UAN=111-30-31-32

042-5757847-48

Email:farooqestate@hotmail.com

لائل پور ہوزری سٹور

طالب دعا: چوہدری منور احمد ساہی

بنیان، جراب، تولیہ اور جرسیوں کی اعلیٰ ورائٹی کا مرکز

جھنگ بازار، چوک گھنٹہ گھر فیصل آباد فون آفس: 041-619421

جمیل بک ڈپو/حفیظ پبلک کال آفس انٹرنیشنل

بالمقابل گورنمنٹ ہائی سکول بوائز مندر روڈ۔چنیوٹ

طالب دعا: حفیظ الرحمان منصور سنوری فون رہائش:6332104

فون آفس:047-6331327-6333273

احمد ٹریولز انٹرنیشنل

گورنمنٹ لائسنس نمبر 2805

یادگار روڈ ربوہ

اندرون و بیرون ہوائی ٹکٹوں کی فراہمی کیلئے رجوع فرمائیں

Tel:6211550 Fax 047-6212980

Mob:0333-6700663

E-mail:ahmadtravel@hotmail.com

چوہدری اینڈ کمپنی

ہمارے ہاں گندم، مکئی، دھان، چاول ہر قسم ادھواڑ ٹوٹہ چاول نیز خشک سرخ مرچ کا کاروبار ہوتا ہے

طالب دعا:

رائس ڈیلر کمیشن ایجنٹس

چوہدری جمیل الرحمان سنوری

غلہ منڈی چنیوٹ فون آفس:047-6331327 فون رہائش:6332104

کراچی اور سنگاپور کے K-21 اور K-22 کے فینسی زیورات کا مرکز

AIJ العمران جیولرز

الطاف مارکیٹ۔بازار کاٹھیاں والا سیالکوٹ فون شوروم:052-5594674-4594674

موبائل:0300-9610532-0321-6141146 طالب دعا:۔عمران مقصود

KOH-I-NOOR STEEL TRADERS

220 LOHA MARKET LAHORE

Importers and Dealers Pakistan Steel

Deals in cold Rolled,Hot Rolled,

Galvanized Sheets & Coils

Tel:7630055-7650490-91 Fax:7630088

Talib-e-Dua,Mian Mubarik Ali

Khursheed Packages

Printers & Manufacturers of solid of carogated Board Cartons & packing Material

50-B warraich Street, Small Industrial Estate Sargodha Road Faisalabad.

Ph Off:041-8868412-13 Fax: 041-8869778

مبشر احمد وڑائچ: 0300-7264578

جواد احمد وڑائچ: 0300-8666678

0300-8657878-0345-7777775: ... احمد وڑائچ

ھوالناصر

ناصر پولی کلینک

1960ء سے خدمت میں مصروف

بے اولاد مردوں اور عورتوں کیلئے مشورہ اور کامیاب علاج

جدید طب کا باکمال نسخہ ''نعمت الٰہی''

نرینہ اولاد کیلئے مفید علاج

مین بازار، راجہ چوک حافظ آباد

فون کلینک: ...-523391-523392

AHMAD MONEY CHANGER

We Deal in All Foreign Currencies

you are always Welcome to:

State Bank Licence No.11

PREMIER EXCHANGE CO.'B' PVT. LTD.

Chief Exective: Basharat Ahmad Sheikh

Head Office: B-1 Raheem Complex, Main Market, Gulberg II, Lahore. Tel#:5757230, 5713728, 5752796, 5713421, 5750480

Fax#: 5760222 E-mail:amcgul@yahoo.com

SHEIKH SONS

31-32 Bank Square Market Model Town, Lahore-54700, Pakistan

Tel: 042-5832127, 5832358Fax : 042-5834907

Web site: www.sheikhsons.com

Indentors, Suppliers & Contractors

1) Gas & Steam Turbines Spares

2)Boilers

3)Speciality Chemicals for Oil & Gas and Power Industry

CALTEX — PSO Pakistan State Oil — Servis TYRES & TUBES

ڈیلر: گارڈ فلٹرز، بریک آئل اور بریک لیدر

Kenlubes — Hy-Oils

Guard Oils & Filters — Guard Oils & Filters

